107654- کوکا کولا پینے کا حکم

سوال

میری سہیلی نے مجھے بتایا ہے کہ کوکا کولا پینا حرام ہے، کیونکہ جب ہم کوکا کولا کی بوتل کو آئینہ میں دیکھیں تو ہمیں لا الہ لا محمد کی عبارت نظر آتی ہے جس کا معنی کوئی معبود نہیں اور محمد نہیں بنتا ہے، اور وہ مجھے یہ بھی کہنے لگی کہ جو بھی اسے پیئےگا وہ مسلمان نہیں، برائے مہربانی اس معاملہ کی وضاحت کریں.

پسندیدہ جواب

کوکا کولا کے متعلق جو یہ کہا جاتا
ہے کہ جب اسے آئینہ میں دیکھا جائے تو لا اللہ لا محمد، یا پھر لا محمد لا مکہ لکھا
نظر آتا ہے، یہ صحیح نہیں، اور نہ ہی اس پر کوئی شرعی حکم مرتب ہوتا ہے.

تکلف کرنے اور ایسے وہم سے متعلق
ہونے کی کوئی ضرورت نہیں جس کی کوئی دلیل نہ ہو.

سب مشروبات اور ماکولات یعنی کھانے
پینے کی اشیاء میں جب یہ ثابت ہو جائے کہ وہ مضر ہیں تو یہ حرام ہونگی، لیکن جب
ایسا ثابت نہ ہو سکے تو اس میں اصل یہی ہے کہ وہ حلال ہیں، اور صرف احتمال اور گمان
کی بنا پر حرام نہیں ہوگی.

اور جب اسے بنانے والی کمپنی اسلام
کے خلاف جنگ کرتی ہو اور اسلام کے دشمنوں کی معاونت کرتی ہو تو اس بنا پر اس کا
بائیکاٹ کیا جا سکتا ہے.

واللہ اعلم.